# 82559 ـ درس شروع كرنے سے قبل تين سو بار درود پڑھنے كا مطالبہ

**سوال**

ميں تلاوت كے احكام اور تجويد كے درس ميں شريك ہوتا ہوں، ليكن استاد سبق شروع كرنے سے قبل سب حاضرين كو كہتا خاموشى سے تين سو بار نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم پر درود پڑھيں، اس كا كہنا ہے كہ: نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم پر درود پڑھنا روز قيامت نبى صلى اللہ عليہ وسلم كا قرب حاصل كرنے كا سبب ہے، وہ اس كے متعلق ايك حديث بھى سناتا ہے كہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:
" تم ميں سے مجھ پر سب سے زيادہ درود پڑھنے والا روز قيامت ميرے سب سے زيادہ قريب ہو گا "
تو كيا اس طرح كے عمل ميں اس كے ساتھ شريك ہونا جائز ہے، اور اگر نہيں تو كيا ميرے ليے خاموشى سے اس كے بدلے كوئى اور ذكر مثلا استغفار كرنا جائز ہے ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

سبق شروع ہونے سے قبل نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم پر اس معين تعداد ميں درود پڑھنے كا التزام كرنا نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا طريقہ نہيں، اور نہ ہى صحابہ كرام اور تابعين عظام سے ثابت ہے، اور جو عمل بھى ايسا ہو جس كا ثبوت نہ تو نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم سے ملے اور نہ ہى صحابہ كرام سے تو وہ نئى ايجاد كردہ بدعت ہے جس سے نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے منع كرتے ہوئے فرمايا:

" تم نئے نئے امور ايجاد كرنے سے اجتناب كرو، كيونكہ ہر نيا كام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہى ہے "

سنن ابن ماجہ حديث نمبر ( 42 ) سنن ترمذى حديث نمبر ( 2600 ) سنن ابو داود حديث نمبر ( 3991 ) علامہ البانى رحمہ اللہ نے صحيح الجامع حديث نمبر ( 2549 ) ميں اسے صحيح قرار ديا ہے.

اور ايك حديث ميں رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" جس كسى نے بھى كوئى ايسا عمل كيا جس پر ہمارا حكم نہيں تو وہ مردود ہے "

صحيح مسلم حديث نمبر ( 1718 ).

يہ عمل اس ليے بدعت ہے كہ عبادت كے ليے ضرورى ہے كہ وہ فى ذاتہ مشروع ہو اسى طرح اس كى كيفيتا ور وقت

